NYC Housing Connect

چیک لسٹس اور وسائل

حسب مقدور رہائش کے لیے آپ کے درخواست دینے کے بعد:

چیک لسٹس اور وسائل

اس رہنما کے بارے میں

حسب مقدور رہائش کی درخواستوں کا جائزہ لینے کے لیے لاٹری کے عمل کے ذریعے ان کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کا نمبر لاٹری میں آتا ہے اور آپ کی درخواست اہل ہوتی دکھائی دیتی ہے تو آپ کو اپنی اہلیت کی توثیق کرنے کے لیے ایک اپائنٹمنٹ لینے کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ یہ اپائنٹمنٹ ان دستاویزات کا جائزہ لینے کے لیے ہے جن سے آپ کی درخواست پر درج معلومات کی تائید ہوتی ہے۔

اپائنٹمنٹس عام طور پر درخواست کی آخری تاریخ سے دو تا دس مہینوں کے بعد شیڈول کی جاتی ہیں۔ آپ کو اس بات سے متعلق دستاویزات لانے کو کہا جائے گا کہ آپ کے ساتھ کون رہے گا، آپ کے ساتھ جو لوگ رہیں گے وہ کتنے پیسے دیتے ہیں، آپ کا موجودہ اپارٹمنٹ اور دیگر معلومات۔

اگر آپ کا نمبر لاٹری میں آتا ہے تو اس رہنما سے اپائنٹمنٹ کی تیاری کرنے میں آپ کو مدد ملتی ہے۔ اس میں ان دستاویزات کی فہرست موجود ہے جنہیں لانے کی آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے اور اس میں آپ کو درکار کاپیاں تلاش کرنے اور ان کی تیاری کرنے کے طریقے کے بارے میں تجاویز کی پیشکشیں موجود ہیں۔

گھریلو دستاویزات

اگر آپ سے اپنی اہلیت کی توثیق کرنے کے لیے اپائنٹمنٹ کے لیے رابطہ کیا جاتا ہے تو آپ سے ان دستاویزات کی کاپیاں لانے کو کہا جائے گا جن سے آپ کے گھرانے کے لوگوں کی توثیق ہو جائے۔ براہ کرم اصل دستاویزات نہ لائیں، الاّ یہ کہ ایسا کرنے کو کہاجائے۔ ان دستاویزات کی کاپیاں فائل میں رہیں گی – وہ آپ کو واپس نہیں ملیں گی۔

ڈیولپر آپ کو بتائے گا کہ کون کون سے دستاویزات اپنے ساتھ لانے کا آپ سے مطالبہ کیا جاتا ہے۔ ذیل کی سبھی چیزیں مطلوب ہو سکتی ہیں۔

کیا آپ کے پاس یہ دستاویزات ہیں؟

موجودہ اپارٹمنٹ

- ☐ اگر آپ اپنے اپارٹمنٹ کا کرایہ دیتے ہیں تو اپنی موجودہ لیز کی نقل۔ اگر آپ کے پاس لیز نہیں ہے تو آپ کے مالک مکان سے ایک نوٹری کردہ خط۔
- ☐ آپ کے آخری تین (3) تا بارہ (12) کرایے کی رسیدوں یا منسوخ کردہ کرایے کے چیکوں کی کاپیاں۔
- ☐ آپ کے سب سے حالیہ بجلی اور گیس کے بلوں کی کاپیاں (جس میں آپ کا نام اور آپ کا موجودہ پتہ لکھا ہو)۔
- ☐ آپ کے سب سے حالیہ ٹیلیفون کے بل کی کاپیاں (جس میں آپ کا نام اور آپ کا موجودہ پتہ لکھا ہو)۔
- ☐ اگر آپ نے اپارٹمنٹ کرایے پر نہیں لیا ہے بلکہ کسی اور شخص کے ساتھ رہ رہے ہیں تو، اپنے گھر کے ساتھ کی لیز اور ان کی یوٹیلیٹی بلوں کی کاپیوں کے ساتھ ان کی جانب سے ایک نوٹری کردہ خط لے کر آئیں۔

میں کہاں دستاویزات کی نوٹری کرا سکتا ہوں؟

- پراپرٹی مینجمنٹ ایجنٹس اور مقامی ٹیکس یا قانون کے دفاتر میں اکثر عملہ کے ذمے نوٹری ہوتی ہے۔
- اکثر بینکوں میں دستاویزات کی نوٹری کی جا سکے گی اور فیس برائے نام ہے۔

گھر کے اراکین

- ☐ گھر کے ہر فرد کی پیدائش کے سرٹیفکیٹس کی کاپیاں
- ☐ گھر کے ہر فرد کے سوشل سیکورٹی کارڈز کی کاپیاں
- ☐ 18 سال سے زیادہ عمر کے ہر شخص کی باتصویر ID کی کاپیاں (مثالیں: ڈرائیونگ لائسنس، پاسپورٹ، فوجی ID ،NYC میونسپل ID، غیر ڈرائیونگ ID)
- ☐ اسکول جانے والے ہر شخص کے اندراج کی توثیق والے اسکول کے خطوط کی کاپیاں (مثالیں: نیویارک سٹی پبلک اسکول، پرائیویٹ اسکول، کالج، یونیورسٹی)

میں کس طرح شناختی دستاویزات کا آرڈر کر سکتا ہوں؟

سند ولادت

پر کارروائی کا وقت: 2 دنوں سے لے کر 8 ہفتوں تک | خرچ: ~$15–$25

- نیویارک سٹی میں ولادتیں: نیو یارک سٹی میں NYC محکمہ صحت اور حفظان ذہنی صحت سے (NYC Department of Health and Mental Hygiene) آن لائن، بذات خود، یا بذریعہ ای میل باضابطہ اسناد ولادت کا آرڈر کیا جا سکتا ہے۔ ان کا خرچ $15 ہے، اس کے علاوہ $9 ڈاک اور سروس چارج ہے۔ آن لائن آرڈرز پر 24 گھنٹوں کے اندر اندر عمل درآمد ہوتا ہے۔ تفصیلات کے لیے http://www.nyc.gov/doh ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں۔

- ریاستہائے متحدہ میں کہیں بھی بچوں کی ولادت: سرٹیفکیٹس کی درخواست عام طور پر کاؤنٹی کلرک یا اہم ریکارڈ کے ریاستی دفاتر سے کی جا سکتی ہے۔ اپنی ریاست کے اہم ریکارڈز کا دفتر تلاش کرنے کے لیے، براہ کرم http://www.cdc.gov/nchs/w2w.htm ملاحظہ کریں یا اپنی مقامی لائبریری میں اعانت طلب کریں۔

سوشل سیکورٹی کارڈ

پر کارروائی کا وقت: 2 تا 6 ہفتے | خرچ: مفت

- اپنے مقامی سوشل سیکورٹی دفتر (Social Security office) اور/یا کارڈ سینٹر میں ایک درخواست دیں۔ اپنا مقامی دفتر تلاش کرنے کے لیے، 1-800-772-1213 پر کال کریں یا http://www.ssa.gov/cardcenters/cardcenterinfo.html ملاحظہ کریں۔

نیویارک کا ڈرائیونگ لائسنس یا باتصویر ID

کارروائی کا وقت: 2 تا 4 ہفتے | خرچ: $10–$80

- ڈرائیونگ لائسنس یا غیر ڈرائیونگ باتصویر ID کے لیے نیویارک اسٹیٹ کے محکمۂ موٹر گاڑی (NY State Department of Motor Vehicles) میں درخواست دیں۔ تفصیلات کے لیے www.dmv.ny.gov/license.html ملاحظہ کریں، http://www.dmv.ny.gov/offices.htm پر اپنی مقامی شاخ تلاش کریں، یا معلومات کے لیے 1-212-645-5550 یا 1-718-966-6155 پر کال کریں۔

IDNYC: نیویارک سٹی میونسپل ID

- IDNYC نیویارک سٹی کے سبھی باشندگان کا مفت شناختی کارڈ ہے۔ اپنی درخواست آن لائن شروع کرنے کے لیے www.nyc.gov/idnyc ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں۔

میں فوٹو کاپیاں کہاں کروا سکتا ہوں؟

- بروکلین پبلک لائبریری 311 پر کال کریں یا www.brooklynpubliclibrary.org پر جائیں
- نیویارک پبلک لائبریری 311 پر کال کریں یا برونکس مینہٹن اور اسٹیٹن آئلینڈ کی شاخوں کے لیے www.nypl.org پر جائیں
- کوئنز پبلک لائبریری 311 پر کال کریں یا www.queenslibrary.org پر جائیں
- آپ کی مقامی کمیونٹی بورڈ کا دفتر 311 پر کال کریں
- کاپی اور پرنٹ کی دکانیں

آمدنی کی دستاویزات

آپ کے گھر کے لوگوں کی سالانہ آمدنی آپ کے ساتھ رہنے والے 18 سال سے زیادہ عمر کے سبھی لوگوں کی کمائی ہوئی "مجموعی رقم" ہے۔ "مجموعی رقم" سے مراد وہ رقم ہے جو آپ کے آجر کی طرف سے ہر قسم کے ٹیکس سے قبل آپ کو ادا کی گئی۔ آپ کی مجموعی آمدنی عام طور پر آپ کو ملنے والی رقم سے زیادہ ہوتی ہے۔ (نوٹ: اگر آپ کا خود کا روزگار ہے تو آپ کٹوتیوں کے بعد اپنی اصل آمدنی کی رپورٹ دیتے ہیں۔)

آپ جتنی زیادہ دستاویزات حاصل کر سکتے ہیں حاصل کریں۔ IRS کے مطابق ذیل کی دستاویزات آمدنی کے قابل قبول ثبوت ہیں۔ 18 سال سے زیادہ عمر کے گھر کے سبھی اراکین کی آمدنی کی دستاویزات فراہم کریں۔

کیا آپ کے پاس یہ دستاویزات ہیں؟

یہ دستاویزات ضروری کیوں ہیں؟

آپ کے گھر کے لوگوں کی – باقاعدہ ملازمت اور آمدنی کے دیگر ذرائع سے کمائیوں کی کل رقم کی توثیق کرنے اور اس کا حساب لگانے کے لیے HPD اور HDC کو یہ دستاویزات مطلوب ہیں۔

گھرانے کی ملازمت سے آمدنی

کیا آپ کے گھر کا کوئی شخص تنخواہ یا گھنٹہ وار اجرت پر کام کرتا ہے؟ ڈیولپر آپ کو بتائے گا کہ کون کون سی دستاویزات مطلوب ہیں۔ گھر کے ہر ممبر کے لیے، آپ سے عام طور پر درج ذیل چیزیں لانے کو کہا جائے گا:

- ☐ سب سے حالیہ مسلسل گزشتہ چھ (6) تنخواہوں کی پرچیوں کی کاپیاں
- ☐ گزشتہ سال کے W-2 فارمز کی کاپیاں (تمام صفحات)
- ☐ گزشتہ سال کے دستخط شدہ اور مکمل شدہ وفاقی اور ریاستی ٹیکس ریٹرنز کی کاپیاں
- ☐ نقد ادائیگیوں کا ثبوت (آجروں کی جانب سے نوٹری کردہ خطوط)
- ☐ ڈپازٹس کا تعاون کرنے والے بینک اسٹیٹمنٹس

کیا آپ کے گھرانے میں کسی کا خود کا روزگار ہے؟ خود کا روزگار کرنے والے گھرانے کے سبھی رکن کے لیے، درج ذیل کی کاپیاں فراہم کریں:

- ☐ شیڈول C، E یا F کے ساتھ گزشتہ 3 سالوں کے دستخط شدہ فارم 1040 کی نقول
- ☐ گزشتہ 3 سالوں کے تمام 1099s فارم کی نقول
- ☐ اسٹیٹ ٹیکس ریٹرنز کی 3 سالوں کی کاپیاں

دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی گھرانے کی آمدنی

آپ کو حاصل ہونے والی سبھی رقموں سے متعلق دستاویزات دکھانے ہوں گے، اگرچہ وہ نوکری سے حاصل نہ ہو رہی ہوں۔ ڈیولپر آپ کو بتائے گا کہ کون کون سی دستاویزات مطلوب ہیں۔ گھر کے ہر ممبر کے لیے، آپ سے عام طور پر درج ذیل چیزیں لانے کو کہا جائے گا:

کیا آپ کو ذیل میں مندرج فوائد یا آمدنی حاصل ہوتی ہے؟
اس کے لیے دستاویزات کی کاپیاں:

- ☐ سب سے حالیہ تقویمی سال (جس پر 30 دنوں سے کم کی تاریخ ہو) کے لیے سوشل سیکیورٹی ایوارڈ کا خط (خطوط)
- ☐ سابق فوجی کے فوائد (سالانہ دستاویزی شہادت)
- ☐ کرایے کی املاک سے آمدنی
- ☐ عوامی اعانت کے بجٹ کا خط
- ☐ آرمڈ فورسز ریزروز

کیا آپ کو منافع اور/یا سالیانے ملتے ہیں؟

- ☐ جاری کرنے والے ادارہ (ادارے) کے بیان کی کاپیاں

کیا آپ کو اسکالر شپ اور/یا گرانٹ کی رقم ملتی ہے؟

- ☐ تاریخ والے ایوارڈ کے خطوط کی کاپیاں

کیا آپ کو نان و نفقہ اور/یا چائلڈ سپورٹ کی رقم ملتی ہے؟ اس کی کاپیاں فراہم کریں:

- ☐ علیحدگی یا تصفیہ کے اقرار نامہ (اقرار ناموں) کی نقول جس میں اعانت اور ادائیگی کے شیڈول کی رقم اور قسم بیان کی گئی ہو
- ☐ کسی بھی سرکاری بیان کی نقول یا پرنٹ آؤٹ (آخری 120 دن کے اندر کی تاریخ کے ساتھ اور سرگرمی اور رقوم دکھائی دے رہی ہوں) یا کوئی نوٹری کردہ حلف نامہ۔

معذوری کا انشورنس، مزدوروں کا معاوضہ، اور/یا علیحدگی کی ادائیگیاں؟

- ☐ حالیہ گزشتہ چھ (6) مسلسل تنخواہوں کی پرچیوں کی کاپیاں یا توثیقی خط

کیا آپ کو مکرر زر تعاون اور/یا تحائف ملتے ہیں؟ کیا آپ کو وقفہ وقفہ سے دیگر اقسام کی آمدنی ہوتی ہے؟

- ☐ آمدنی، تواریخ اور تحفہ (تحائف) کی قدر اور کب کب تحفہ دیا جاتا ہے (ہفتہ وار، ماہانہ، سالانہ) کے فوائد سمیت تعاون فراہم کرنے والے شخص کے دستخط والا نوٹری کردہ بیان اور/یا حلف نامہ۔
- ☐ ان ادائیگیوں کی وصولیابی کی تائید کرنے والے بینک کے گوشوارے

اہلیت کے مسائل

آپ کو اپنے سابقہ مکان مالکان یا اپنے کریڈٹس کے ساتھ پیش آئے کسی بھی مسئلہ کا تحریری ثبوت پیش کرنا چاہیے۔ ان دستاویزات کے ساتھ بھی، اس بات کی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ آپ اپارٹمنٹ کے لیے اہل ہوں گے۔ اچھے دستاویزات کے ساتھ بھی، آپ کی درخواست مسترد کی جا سکتی ہے۔

سابقہ مالک مکان کے مسائل

کیا مالک مکان نے کبھی بھی کسی بھی وجہ سے آپ کے خلاف قانونی کارروائی دائر کی ہے؟ اگر ہاں تو، درج ذیل کی کاپیاں لے کر آئیں:

- ☐ سبھی قانونی معاہدے
- ☐ سبھی حتمی قانونی فیصلے
- ☐ عدالت میں دائر کردہ اطمینان نامے

گزشتہ کریڈٹ کے مسائل

آپ کی کریڈٹ ہسٹری کیسی ہے؟

اگر آپ کو اہلیت کی توثیق کرنے کے مقصد سے ایک اپائنٹمنٹ کے لیے منتخب کیا جاتا ہے تو آپ کی کریڈٹ فیصلہ سازی کے عمل میں ایک اہم عنصر ثابت ہو سکتی ہے۔ کلی طور پر آپ کے کریڈٹ اسکور کی بنیاد پر آپ کو نا اہل قرار نہیں دیا جا سکتا ہے، لیکن آپ کی کریڈٹ ہسٹری کی معلومات اہم ہیں۔ اگر آپ کے پاس اپنے کریڈٹ کے بارے میں کوئی دستاویزی ثبوت ہے تو آپ اسے پیشگی جمع کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ مثلاً:

- ☐ وہ مراسلت جن سے کریڈٹ کے مسائل یا قرض کا حل معلوم ہو رہا ہو
- ☐ بامعاوضہ حق ملکیت یا فیصلوں پر اطمینان
- ☐ کرنٹ اکاؤنٹ بیلنسز
- ☐ سبھی حتمی قانونی فیصلے

براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ معلومات فراہم کرنے سے اس بات کی ضمانت نہیں ہوتی ہے کہ آپ اپارٹمنٹ کے لیے اہل ثابت ہو جائیں گے۔ اپنے کریڈٹ رپورٹ کی ایک مفت کاپی حاصل کرنے کے لیے http://www.annualcreditreport.gov ملاحظہ کریں۔

نیویارک کے باشندوں کے لیے مفت مالی روزگار کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا nyc.gov/consumers ملاحظہ کریں۔

مزید معلومات حاصل کرنے یا آن لائن درخواست دینے کے لیے www.nyc.gov/housingconnect ملاحظہ کریں۔

یہ دستاویز صرف معلوماتی مقاصد کے لیے ہے۔ یہ حسب مقدور ہاؤسنگ کے لیے کوئی درخواست نہیں ہے۔ یہ درخواست پُر کرنا اس بات کی ضمانت نہیں ہے کہ آپ کو ایک حسب مقدور یونٹ مل جائے گی۔